
ازاختة الغيب لسيف الغيب

اعلیٰ حضرت امام احمد رضا خان فاضل بریلوی رضی اللہ عنہ



مسئلہ علم غیب پر جو ایسے شبہات تھے جن پر مخالفین کو
ناز تھا ان کا بے نظیر ازالہ

مسمٰے بنام تاریخی

ازاحۃ الغیب لسیف الغیب

مصنفہ

حضور پر نور اعلیٰ حضرت عظیم البرکۃ مجدد دین وملت رحمۃ اللہ علیہ

مکتبہ غوثیہ - مرید کے

کتاب ـــــــ ازاحة الغیب لسیف الغیب

مصنف ـــــــ اعلیٰ حضرت امام احمد رضا خاں فاضل بریلوی رضی اللہ عنہ

ناشر ـــــــ غوثیہ بک ڈپو مریدکے

ملنے کا پتہ

☆ مکتبہ حامدیہ گنج بخش روڈ لاہور

☆ ضیاء القرآن گنج بخش روڈ لاہور

☆ حجاز پبلی کیشنز الاویس مرکز دربار مارکیٹ لاہور

☆ مسلم کتابوی دربار مارکیٹ لاہور

سے یہ معلوم ہوتا ہے کہ آپ کے علم مشاہدہ میں نقصان ثابت ہو گیا، علم غیب پر اطلاع تو ابھی دور رہے۔ انتہیٰ۔

یہاں کے لوگ اس قدر بدمعاش ہیں کہ مولوی محمود حسن مدرس اوّل درجہ حدیث نے مسلم شریف کے سبق میں باب شفاعت کی اس حدیث میں کہ "آپ نے جب تمام مسلمین کی شفاعت کی اور سب کو نجات دیدی مگر کچھ لوگ رہ گئے یعنی منافقین وغیرہ تو آپ نے ان کے واسطے شفاعت کی تو فرشتوں نے منع کر دیا کہ تم نہیں جانتے ہو کہ ان لوگوں نے کیا کچھ کیا بعد آپ کے"۔ تو اس سے ظاہر ہو گیا کہ جو لوگ کہتے ہیں کہ ہر جمعہ میں رسول اللہ صلی اللہ تعالےٰ علیہ وسلم پر امت کے اعمال پیش ہوتے ہیں، یہ غلط محض افترا رہے، علم غیب کا کیا ذکر؟ اللہ اکبر! ترمذی شریف کے سبق ۲۷۱ صفحہ کے آخر میں۔ ایک عورت کے ساتھ زنا ہو گیا اکراہ کے ساتھ تو اس عورت نے ایک شخص پر ہاتھ رکھا آپ نے اس شخص کو رجم کا حکم فرمایا، پس دوسرا شخص اٹھا اس نے اقرار زنا کا کر لیا، پہلے شخص کو چھوڑا اور دوسرا مرجوم ہو گیا، آپ نے فرمایا تاب توبۃ الخ۔ اگر شخص ثانی اقرار نہ کرتا تو پہلے شخص کی گردن اڑا دیتے یہ اچھی غیب دانی ہے، ہذا قولہ۔ اور ابھی وقتاً فوقتاً احادیث میں کچھ نہ کچھ کہے بغیر نہیں چھوڑتے اللہ اکبر معاذ اللہ من شرہ۔

الجواب

اللہ عزوجل گمراہی وبےحیائی سے پناہ دے، فقیر نے انباء المصطفیٰ صلی اللہ تعالےٰ علیہ وسلم کے مختصر جملوں میں ان شبہات اور ان جیسے ہزاروں ہوں تو سب کا جواب شافی دے دیا مگر وہابیہ اپنی خرافات سے باز نہیں آتے، الدولۃ المکیہ میں بیان ابین ہے، میں پھر تذکیر کر دوں کہ الحمد للہ العزیز بار بار سوال کی حاجت نہ ہو اور ذی فہم سنی ایسے لاکھ شبہے ہوں تو سب کا جواب خود دے لے، فقیر نے قرآن عظیم کی آیات قطعیہ سے ثابت کیا کہ قرآن عظیم نے ۲۳ برس

بتدریج نزولِ اجلال فرما کر اپنے حبیب صلے اللہ علیہ وسلم کو جمیع ماکان و مایکون یعنی روزِ اول سے آخر تک کی ہر شئے ہر بات کا علم عطا فرمایا اور اصول میں مبرہن ہو چکا کہ آیاتِ قطعیہ کے خلاف کوئی حدیث آحاد بھی مسلم نہیں ہو سکتی اگرچہ سنداً صحیح ہو تو مخالف قرآنِ عظیم کے خلاف پر جو دلیل پیش کرے اس پر چار باتوں کا لحاظ لازم :۔

اوّل : وہ آیت قطعی الدلالۃ یا ایسی ہی حدیثِ متواتر ہو۔

دوم : واقعہ تمامی نزولِ قرآن کے بعد کا ہو۔

سوم : اس دلیل سے رأساً عدم حصولِ علم ثابت ہو کہ مخالف مستدل ہے اور محل دلیل میں اس پر جزم محال اور وہ منافی حصولِ علم نہیں بلکہ اس کا مثبت و مقتضی ہے

چہارم : صراحۃً نفی علم کرے ورنہ بہت علوم کا اظہار مصلحت نہیں ہوتا اور اللہ اعلم یا خدا ہی جانتے یا اللہ کے سوا کوئی نہیں جانتا ایسی جگہ قطع طمع جواب کے لئے بھی ہوتا ہے اور نفی حقیقتِ ذاتیہ، نفی حقیقتِ عطائیہ کو مستلزم نہیں، اللہ عزّوجل روزِ قیامت رسولوں کو جمع کر کے فرمائے گا ماذا اجبتم تم جو کفار کے پاس ہدایت لے کر گئے انہوں نے تم کو کیا جواب دیا؟ سب عرض کریں گے لا علم لنا ہمیں کچھ علم نہیں۔

ان شبہات اور ان کے امثال کے رد کو یہی چار جملے بس ہیں اور یہاں امر پنجم اور ہے کہ وہ واقعہ روزِ اول سے قیام قیامت تک یعنی ان حوادث سے جو لوحِ محفوظ میں ثبت ہیں کہ انہیں کے احاطہ کا دعویٰ ہے۔ امور متعلقہ ذات و صفات و ابد وغیرہ نامتناہیات سے ہو تو بحث سے خروج اور دائرۂ جنون و سفاہت میں صریح ولوج ہے، ان جملوں کے لحاظ کے بعد وہابیہ کے تمام شبہات برباد ہو جاتے ہیں: کَشَجَرَةٍ خَبِيثَةٍ اجْتُثَّتْ مِن فَوْقِ الْأَرْضِ مَا لَهَا مِن قَرَارٍ۔

اب ہمیں ملاحظہ کیجئے اولاً چاروں شبے امرِ اول سے مردود ہیں ان میں کونسی آیت یا حدیث متواتر قطعی الدلالۃ ہے، ثانیاً دوسرا اور چوتھا شبہ امرِ دوم سے